46962 ـ دوران دعا امام اللہ تعالی کی ثناء بیان کرے تو کچھ مقتدی "نَشْہَدُ" یا "حَقًّا" کہتے ہیں

سوال

سوال: بسا اوقات ہمیں دعائے قنوت میں کچھ مقتدی حضرات "نَشْہَدُ" یا "حَقًّا" یا "آمِيْن" یا "سُبْحَانَكَ" کہتے ہوئے سنائی دیتے ہیں، اگر یہ الفاظ کہنا ثابت ہیں تو ہمیں بتلائیں کہ یہ الفاظ کب کہے جاتے ہیں؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

احادیث مبارکہ میں ہے کہ امام جس وقت دوران نماز دعائے قنوت پڑھے مقتدی امام کی دعا پر آمین کہیں گے، لیکن اللہ تعالی کی حمد و ثناء کے وقت افضل یہی ہے کہ امام کی حمد و ثناء پر اکتفا کرتے ہوئے مقتدی خاموش رہیں۔

جبکہ کچھ مقتدی "نَشْہَدُ" یا "یَا اَللہُ" یا کچھ اور کہتے ہیں اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

اختصار کے ساتھ ماخوذ از: تصحیح الدعاء" (ص419 – 423)

واللہ اعلم.